# Pakistan Tehreek-e-Insaf
**Central Media Department**

## پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

29 جنوری 2024

**ملک بھر میں تحریک انصاف کے امیدواران، ان کی انتخابی ٹیمز اور کارکنان کو پرامن انتخابی سرگرمیوں کی اجازت نہ دینے اور مسلسل ریاستی فسطائیت کے نشانے پر رکھنے کی شدید مذمت**

**بانی چیئرمین عمران خان کی کال پر ملک بھر خصوصاً کراچی میں تحریک انصاف کی ریلی کے شرکاء پر وحشیانہ تشدد، کارکنان کے خلاف جھوٹے مقدموں کی بھرمار اور انہیں ہراساں کئے جانے کی بھی شدید ترین الفاظ میں مذمت**

- ریاستی ظلم و بربریت کے تمام ریکارڈ توڑے جانے کے باوجود عوام کے پایۂ استقامت میں ہلکی سی لغزش بھی پیدا نہ کرسکنے والے جانتے ہیں کہ قوم پوری ثابت قدمی سے عمران خان اور تحریک انصاف کے ساتھ کھڑی ہے۔
- انتخاب کو غیر شفاف بنانے کیلئے ہر قسم کے حربوں کے آخری درجے میں استعمال کے باوجود تحریک انصاف دستور، جمہوریت اور ملک کے مفاد میں انتخاب میں حصہ لے رہی ہے، چاہتے ہیں کہ ریاست بھی عوام کے ووٹ کے حق اور انکے مینڈیٹ کا احترام کرے۔

**کور کمیٹی کی جانب سے بانی چیئرمین عمران خان کیخلاف جھوٹے، جعلی، من گھڑت مقدّمات خصوصاً بھونڈے اور بے بنیاد سائفر مقدمے میں قانون و انصاف کے تقاضوں کو پیروں تلے روند کر ٹرائل چلانے کی بھی شدید مذمت**

- فیئر ٹرائل کے تمام تقاضے پامال کرکے نہایت عجلت میں چلائے گئے ایک ظالمانہ ٹرائل کے ذریعے ناحق قید بانی چیئرمین عمران خان کو انتخابات سے قبل سزا سنانے کا منصوبہ قوم مکمل طور پر مسترد کرتی ہے۔

- انصاف اور نظامِ انصاف کے بہیمانہ قتل کے ذریعے قوم کے مقبول اور معتبر ترین سیاسی قائد کو سیاسی انتقام کا نشانہ بنانے والے قوم اور ملک کے خیر خواہ ہیں نہ ہی اپنے وہ مذموم مقاصد حاصل کر پائیں گے جن کیلئے انصاف کی دھجیاں اڑائی جا رہی ہیں۔

## کور کمیٹی کی جانب سے بدترین ریاستی جبر و فسطائیت کے باوجود ایک ہمہ گیر اور جامع منشور پیش کئے جانے اور اس پر عوامی سطح پر ملنے والی غیر معمولی پذیرائی پر مسرّت و اطمینان کا اظہار

- دیگر سیاسی جماعتوں کی جانب سے منشور کے نام پر قوم سے کئے جانے والے مذاق کے برعکس تحریک انصاف نے 168 صفحات پر محیط سنجیدہ اور انقلابی منشور کے ذریعے ملکی تعمیر و ترقی کا جامع منصوبۂ عمل قوم کے سامنے پیش کیا ہے۔
- ملک کو درپیش پیچیدہ ترین مسائل کے نہایت ذمہ دارانہ انداز میں جائزہ لینے اور کثیر الجہت مسائل کا نہایت پیشہ وارانہ اور مربوط حل پیش کر کے تحریک انصاف نے صحیح معنوں میں عوام کی نمائندگی اور قوم کی قیادت کی حقدار جماعت ہونے کا ثبوت دیا ہے۔
- خود پر کلبھوشن یادو جیسے بھارتی دہشتگرد سے بھی بڑھ کر کئے جانے والے ظلم کو پورے صبر، ثابت قدمی اور استقامت سے برداشت کرتے ہوئے بانی چیئرمین عمران خان کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں آئین و قانون کے دائرے میں رہ کر انتخاب کے ذریعے پہلے عوام سے مینڈیٹ لیں گے اور پھر اپنا انقلابی منشور نافذ کریں گے۔
- ماورائے آئین، قانون اور جمہوریت کسی کاوش کا پہلے کبھی حصہ بنے نہ ہی بدترین ظلم، جبر اور اشتعال کے باوجود آئندہ آئین و قانون کا دامن ہاتھ سے چھوڑیں گے۔

---پاکستان تحریک انصاف کور کمیٹی

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ